علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی وعلومِ اسلامیہ

(شعبہ سیرت سٹڈیز)

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یاڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism "پالیسی کے مطابق سزادی جائے گی۔

کورس: جغرافیہ سیرت(3908) **سمسٹر: بہار،2026ء**

سطح: بی ایس علوم اسلامیہ (تخصص سیرت سٹڈیز)

ہدایت نامہ برائے طلبہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ سکین (Scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی، صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنے ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اپ لوڈ کرسکتے ہیں، فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیے۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد/ تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث/ معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

کل نمبر:100 | کامیابی کے نمبر:50

امتحانی مشق نمبر1

(یونٹ:1تا4)

سوال نمبر1۔ جزیرہ نمائے عرب کے قدیم خطہ "حجاز" اور اس خطے میں واقع تین اہم شہروں کا مختصر تعارف کروائیں۔(20)

سوال نمبر2۔ جزیرہ نمائے عرب کی دینی حالت خصوصاًبت پرستی کے تصور پر مضمون لکھیں۔ (20)

سوال نمبر3۔ عرب بائدہ اور عرب باقیہ سے کیا مراد ہے نیز قوم ثمود اور عاد کا مختصر تعارف اور جغرافیہ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ قوم مدین کا تعارف کروائیں اور ان کے جغرافیہ پر مضمون تحریر کریں ۔ (20)

سوال نمبر5۔ مملکت سبا کا تعارف اور جغرافیہ قرآنی آیات کی روشنی میں تحریر کریں۔ (20)

کل نمبر:100 | کامیابی کے نمبر:50

امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ:5تا9)

سوال نمبر1۔ مکہ اور مدینہ دونوں شہروں کا تعارف اور جغرافیہ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ مدینہ منورہ کے یہودی قبائل اور ان کا جغرافیائی محل و قوع تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ غزوہ تبوک کا واقعہ، مقام تبوک کا تعارف اور اس کا جغرافیہ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں آنے والے تین وفود اور ان کے علاقوں کا تعارف کروائیں۔ (20)

سوال نمبر5۔ مسجد قبا کی تعمیر اور اس کے محل و قوع پر مضمون لکھیں۔ (20)